SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

Press Release

July 20, 2018

For immediate release

قانونی مشیروں کا تقرر: تعمیل کی شرح پچاسی فیصد ہوگئی

اسلام آباد جولائی ۲۰ : ایس ای سی پی کے موثر اقدامات اوران کے نتیجے میں کمپنیز ایکٹ (قانونی مشیروں کا تقرر) مجریہ ۱۹۷۴ کے تعمیل (کمپلائنس) کی شرح پچاسی فیصد تک پہنچ گئی ہے۔

اگرچہ یہ قانون ۱۹۷۴ میں بنا لیکن اس کا نفاذ کچھ مسائل کا شکار تھا۔ ۲۰۱۷ میں اس قانون میں ترمیم کر کے ایس ای سی پی کے اختیارات میں اضافہ کیا گیا۔ اس قانون کے تحت پچھتر لاکھ روپے سے زائد ادا شدہ سرمایہ رکھنے والی کمپنیوں کے لئے قانون مشیر رکھنا لازمی ہے۔ ایس ای سی پی چیئرمین شوکت حسین نے اس قانون کے نفاذ میں خصوصی دلچسپی لی اور تمام متعلقہ افسروں کو ہدایت کی کہ اس سلسلے میں کسی نرمی کا مظاہرہ نہ کیا جائے۔ اس مقصد کے لئے ایس ای سی پی نے مختلف اداروں کے ساتھ مل کر آگہی پیدا کرنے کے لئے مہم چلائی اور تعمیل نہ کرنے والی کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی۔

ان اقدامات کے نتیجے میں تعمیل کی شرح پچاسی فی صد تک پہنچ گئی ہے۔ ۲۰۱۷ میں یہ شرح تریسٹھ فی صد تھی۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005